باب چہارم

# اخلاق و آداب

## طہارت اور پاکیزگی

سوال 1-درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

**(الف) طہارت سے کیا مراد ہے؟**

جواب:- طہارت عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی پاکیزگی اور صفائی کے ہیں۔طہارت محض صفائی ہی نہیں بلکہ اس سے مراد جسم، جان،لباس اور ماحول کی پاکیزگی ہے۔اسلام میں طہارت اور پاکیزگی بہت اہمیت ہے۔

**(ب) صفائی اور پاکیزگی کی اہمیت قرآن وحدیث کی روشنی میں کیا ہے؟ واضح کریں۔**

جواب:-قرآن مجید میں ارشاد باری ہے۔

''کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں اور پاک صاف رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔'' (سورۃ البقرہ: آیت 222)

سورۃ المدثر میں فرمایا:

''اور آپ اپنے کپڑوں کو پاک رکھیں۔'' (سورۃ المدثر: آیت 4:)

نبی کریم ﷺ طہارت اور پاکیزگی کا بہت اہتمام فرماتے تھے آپؐ نے طہارت کو ایمان کا حصہ قرار دیا ہے آپ کا ارشاد مبارک ہے۔

''پاکیزگی ایمان کا حصہ ہے۔''

**(ج) پاک صاف رہنے سے ہمارے کردار میں کیا تبدیلیاں آتی ہیں؟**

جواب۔پاک صاف رہنے سے ہمارے کردار میں مندرجہ ذیل تبدیلیاں آتی ہیں۔

1-ہمارے خیالات اور عقائد پاک صاف ہوجاتے ہیں۔

2-ہم اپنے آپ کو بری عادات مثلاً غیبت ، جھوٹ،فضول خرچی، حسد، کینہ اور بے حیائی وغیرہ سے بچاتے ہیں۔

3-ہماری سوچ پاکیزہ اور عمل نیک ہوجاتا ہے۔

4-ہماری عبادت مقبول اور دعائیں پوری ہوتی ہیں۔

2- درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

ا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدولوگوں کو کس دن نہانے کی تاکید کی؟

ا۔ جمعرات ب۔ جمعہ ج۔ ہفتہ

ب۔ ذہنی طور پر پاک صاف انسان کیا پسند کرتا ہے؟

ا۔ گندا ماحول ب۔ صاف ستھرا ماحول ج۔ دونوں درست

ج۔ ماحول کی صفائی اور پاکیزگی کا انسان پر کیا اثر پڑتا ہے؟

ا۔ سکون ملتا ہے ب۔ تکلیف پہنچتی ہے ج۔ کچھ بھی نہیں



د۔ اپنے آپ کو بُری عادتوں سے بچانا کس طرح کی طہارت ہے؟

ا۔ زبانی طہارت ب۔ عملی طہارت ج۔ دونوں طرح کی طہارت

3- خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ عربی زبان میں صفائی اور پاکیزگی کے لیے ......طہارة...... کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

ب۔ صفائی اور پاکیزگی سے مراد ......جسم، جان، لباس اور ماحول...... کی پاکیزگی ہے۔

ج۔ اللہ تعالیٰ پاک صاف رہنے والوں کو ......دوست...... رکھتا ہے۔

د۔ پاکیزگی ایمان کا ......حصہ...... ہے۔

ہ۔ اپنے آپ کو بُری عادتوں سے بچانا ......اعمال کی طہارت...... ہے۔

4۔ درست جملوں کے سامنے ✓ اور غلط کے سامنے × کا نشان لگائیے:

| | جملہ | درست | غلط |
|---|---|---|---|
| ا۔ | اسلام ایک کامل دین ہے۔ | ✓ | |
| ب۔ | طہارت قربتِ الٰہی کی کنجی ہے۔ | ✓ | |
| ج۔ | پاکیزگی مکمل ایمان ہے۔ | | × |
| د۔ | پاک صاف انسان گندے ماحول کو پسند کرتا ہے۔ | | × |
| ہ۔ | انسان فطری طور پر گندگی سے نفرت کرنے والا ہے۔ | ✓ | |